# رہبر معظم کا حاج شیخ محسن حبیبی کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 5 /Mar/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے متقی اور پرہیزگار عالم دین حجۃ الاسلام والمسلمین جناب حاج شیخ محسن حبیبی کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

متقی اور پرہیزگار عالم دین حجۃ الاسلام والمسلمین جناب حاج شیخ محسن حبیبی رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پرمرحوم کے معزز اور محترم خاندان ، پسماندگان ، شاگردوں اور ارادتمندوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔ مرحوم نے یونیورسٹی ، حوزہ علمیہ مجتہدی اور دیگر مقامات پر گرانقدر خدمات انجام دیں ، جو مرحوم کے درجات کی بلندی کا باعث اور سبب بنیں گے۔ اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کے لئے رحمت اور مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

15 / اسفند/ 1398